نعت

مولانا محمد یعقوب نانوتویؒ

یا رب صلی علی النبی محمد　　یس طه ذی المکارم احمد

اے رب! محمد و احمد و یاسین و طہ ﷺ پر جو اخلاقِ کریمانہ میں بے نظیر ہیں درود نازل فرما ،

بابی وامی ذا الرسول الاکرم　　نفسی الفداء وما ملکت یدی

رسول اکرم ﷺ پر میرے ماں باپ قربان ہوں، اور میری جان اور میرا سب مال آپ پر فدا ہو

انت الکریم رؤفنا رحیمنا　　یا سیدی یا سیدی یاسیدی

آپ کریم ہیں اور ہم پر سب سے زیادہ شفیق اور مہربان ہیں اے میرے سردار ﷺ اے میرے آقا،

فبحبه ارجوا النعیم بجنة　　وحظیت فی الدنیا بعیش ارغد

آپ ﷺ ہی کی محبت کی برکت سے میں جنت کی نعمتوں کا امیدوار ہوں، اور اسی محبت کے سبب اس دنیا میں مجھے آرام کی زندگی عطا کی گئی ہے۔

فی فرحة من حبه و مسرة　　لا زلت مذ ادعی باسم محمد

اللہ تعالیٰ نے جس طرح مجھے اس دنیا میں خوش وخرم رکھا اسی اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مجھے آپ ﷺ کی محبت کی وجہ سے ہمیشہ خوش وخرم رکھے جب کہ مجھے محمد کے نام سے پکارا جائے